سوال

(154) کرسی پر بیٹھ کر قرآن کی تلاوت کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

دکان میں کرسی پر بیٹھ کر قرآن کی تلاوت کرنا شرعاً کیسا ہے جبکہ پاؤں میں جوتے پہنے ہوئے ہوں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جوتا پہن کر نماز پڑھنا ثابت ہے ، اس حدیث کے پیش نظر جوتا پہن کر قرآن مجید کی تلاوت کی جا سکتی ہے ۔ نماز کے لئے تو جوتوں کا پاک ہونا ضروری ہے لیکن تلاوت قرآن کے لئے بہتر ہے کہ جوتے پاک ہوں ، ضروری نہیں ہے ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی گود میں سر رکھ کر قرآن پڑھنا صحیح احادیث سے ثابت ہے جبکہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا حالتِ حیض میں ہوتی تھیں ۔ بہر حال کرسی پر بیٹھ کر جوتوں سمیت تلاوت قرآن کرنا جائز ہے اس میں کوئی قباحت نہیں ہے ۔ [واللہ اعلم]

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اصحاب الحدیث

جلد: 2 صفحہ: 190